ٹینڈر نوٹس

برائے خیمہ ٹینٹ، دری فرشی، شامیانہ، قنات، سپورٹ آئیٹم، سائن بورڈ، پیرا ٹیکی، سمیٹ بلاک اور خاردار تار برائے حفاظتی رکاوٹ، بجلی سامان، سینٹری سامان، ودیگر سامان وغیرہ برائے سال 2018-19

DPO سرگودھا کو درج ذیل شرائط کے مطابق مالی سال 2018-19 کے لیے خیمہ ٹینٹ، دری فرشی، شامیانہ، قنات، سپورٹ آئیٹم، سائن بورڈ، پیرا ٹیکی، سمیٹ بلاک اور خاردار تار برائے حفاظتی رکاوٹ، بجلی سامان، سینٹری سامان، ودیگر سامان متفرق وغیرہ کی خریداری کے لیے رجسٹرڈ فرموں سے پنجاب پروکیورمنٹ رولز 2014ء کی بنیاد پر سربمہر پیشکش مطلوب ہیں۔ پیشکش DPO سرگودھا کو مورخہ 10.04.2019 کو دن 12 بجے سے قبل موصول ہونی چاہیے۔ ٹینڈر مورخہ 10.04.2019 کو بوقت 12:30 بجے دن ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ ٹینڈر کی کشادگی کے وقت ہر آئٹم کے مقابل نمونہ جات فراہم کرنا ہوں گے۔ ٹینڈر میں فرم کی نمائندگی کے لئے مذکورہ فرم کا اتھارٹی لیٹر ساتھ ہونا لازمی ہوگا۔ ٹینڈر PPRA کی ویب سائٹ (htt:/pprapunjab.gov.pk) پر دستیاب ہیں۔ تخمینہ لاگت -/19,99,000 روپے ہے۔

پیشکش ایک مرحلہ وار دو لفافے طریقہ کار بمطابق پنجاب پروکیورمنٹ رولز 2014ء کے تحت وصول کی جائیں گی۔ پیشکش سنگل پیکج (بشمول دو علیحدہ علیحدہ لفافے) پر مشتمل ہوگی۔ ہر ایک لفافے میں تکنیکی تجویز معہ ہر ایک کے مقابل دی گئی درج ذیل دستاویزات / معلومات ہونی چاہیں۔

1) تکنیکی تجویز۔۔۔۔۔(پیشکش دستاویزات فرم کے لیٹر پر دیئے جانے والے متعلقہ آئٹم کی تصریحات کی تفصیل بشمول کیٹلاگ، تیار کنندہ کی جانب سے اجازت نامہ، سرٹیفکیٹ، سیلز ٹیکس وریٹرن ماہ رواں اور انکم ٹیکس سرٹیفکیشن وغیرہ۔

2) مالیاتی تجاویز۔۔۔۔۔فرم کے لیٹر پر درج ذیل فارمیٹ کے مطابق ہر آئٹم کے نرخ بشمول جملہ ٹیکسز / چارجز جو کوئی بھی ہوں اور بولی کی مالیت کے 3 تا 5 فیصد کے مابین بڈ سکیورٹی)

نمبر شمار	تفصیل	یونٹ قیمت	انکم ٹیکس	سیل ٹیکس	دیگر ڈیوٹیز / چارجز وغیرہ	کل یونٹ قیمت

لفافوں پر واضح الفاظ میں بالترتیب "تکنیکی تجویز" اور "مالیاتی تجویز" معہ آئٹم اور فرم کا نام درج ہو۔

3	تکنیکی تجویز مورخہ 10.04.2019 کو بوقت 12.30 بجے دن کھولی جائیں گی۔ جبکہ تجاویز (سربمہر حالت میں) محکمہ کی تحویل میں رہیں گی۔ تکنیکی رپورٹ کی وصولی کے بعد کوالیفائیڈ بولی دہندگان کی موجودگی میں کھولی جائے گی۔ تکنیکی طور پر کوالیفائیڈ کم ترین پیش کش کو قبول کیا جائے گا۔ قواعد کے تحت تکنیکی طور پر قبول نہ ہونے والی تجاویز کو بغیر کھولے متعلقہ بولی دہندگان کو واپس کر دیا جائے گا۔
4	بولی دہندگان اپنی مالیاتی تجاویز کے ہمراہ بولی کی تخمینہ لاگت کے 03 فیصد بڈ سکیورٹی بشکل پے آرڈر یا بنک ڈرافٹ کسی شیڈول بنک سے جاری شدہ بحق DPO سرگودھا کرائیں گے۔ بغیر زرضمانت پیشکشوں کو مسترد کر دیا جائے گا۔ پیش کش منظور نہ ہونیکی صورت میں ٹینڈروں کے اختتام پر زرضمانت واپس کر دی جائے گی۔
5	بولی دہندگان کی جانب سے پیش کش کی تیاری اور ترسیل کی بابت اٹھائے جانے والے اخراجات یا لاگت کا محکمہ ذمہ دار نہ ہوگا۔
6	PPRA رولز 2014ء کے مطابق زیر دستخطی تمام پیش کشوں یا تجاویز کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔
7	ٹینڈر شدہ اشیاء کی تعداد میں بمطابق رولز کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ منظور شدہ ریٹ مورخہ 30-06-2019 مؤثر ہوں گے۔
8	خواہشمند فرم میں متعلقہ آئٹمز کی معیاری تصریحات اور شرائط وضوابط پر مبنی پیش کش معہ دستاویزات DPO سرگودھا سے فرم کے لیٹر پیڈ درخواست کے عوض بالمشافہ پیش کش کھلنے سے ایک روز قبل تک کسی بھی یوم کار میں دفتری اوقات کے دوران حاصل کی جا سکتی ہیں۔ پیش کش کی فیس مبلغ -/500 روپے ہے جو کہ ناقابل واپسی ہے۔
9	بولی دہندگان اپنی تکنیکی تجویز کے ہمراہ بولی کی تخمینہ لاگت کا % 5 فیصد پرفارمنس سکیورٹی بشکل پے آرڈر یا بنک ڈرافٹ کسی شیڈول بنک سے جاری شدہ بحق DPO سرگودھا کرائیں گے۔
10	e-mail address:accttdposgd@gmail.com

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر

سرگودھا